ابی سفیانؓ اور دختر محترم ام المؤمنین حضرت ام احبیبہؓ کے حالات کو بھی شامل کیا گیا، اس طرح اس کتاب میں ان چار شخصیات کی حیات و خدمات کو جمع کیا گیا ہے۔

انصاف پسند آدمی کے لئے کتاب کا مطالعہ حقائق تک، پہنچنے میں چراغ راہ ثابت ہوگا۔ کتاب کی طباعت واشاعت میں سلیقے اور معیار کا خیال رکھا گیا ہے۔

☆☆☆

مدنی معاشرہ، تالیف: مولانا یونس پالن پوری، ناشر: زمزم پبلشرز، اردو بازار کراچی، صفحات: ۲۸۶، قیمت درج نہیں:

یہ کتاب اسلامی معاشرت سے متعلق ہے جس میں زندگی گزارنے کا آسان اور مسنون طریقہ بیان کیا گیا ہے، مولانا محمد یونس پالن پوری مدظلہ نے سیرت وحدیث اور فقہ کی مختلف کتابوں سے دوران مطالعہ ان مضامین کا انتخاب کیا پھر ان کے فرزند جناب مفتی محمد حذیفہ نے ان کی ترتیب اور تخریج حدیث کا فریضہ سرانجام دیا، اسطرح یہ مضامین اب کتابی شکل میں ''مدنی معاشرہ'' کے نام سے منظر عام پر آئے ہیں۔

کتاب کا زیادہ تر حصہ حقوق العباد سے متعلق ہے، جیسا کہ مضامین کے عنوانات سے ظاہر ہوتا ہے، کتاب میں کھانے کے آداب، اولاد کی پرورش کا طریقہ، ازدواجی زندگی کے اصول وآداب، والدین کے ساتھ احساس وسلوک، لباس کے اسلامی احکام، طہارت ونظافت کے آداب، راستہ چلنے کا طریقہ، سفر کے آداب، رنج وغم میں شرعی ہدایا، تلاوت قرآن کا طریقہ، میزبانی کے آداب، مہمان کی ذمہ داریاں، حضرت معاذ بن جبلؓ کو آپ کی دس نصیحتیں، نماز جنازہ کا مسنون طریقہ، حقوق العباد کے متعلق اسلامی معاشرے کی ہدایات، صغائر وکبائر کا بیان، سلام کی اہمیت اور شرعی احکام اور رمضان المبارک کے آداب ومسائل وغیرہ عنوانات شامل کئے گئے ہیں۔

اسلامی آداب معاشرت اور طرز زندگی کے حوالے سے یہ ایک عمدہ کاوش ہے، کتاب کو ہلکے ورق اور مضبوط جلد بندی کے ساتھ سلیقے سے شائع کیا گیا ہے۔

☆☆☆